سوال

طریقہ استخارہ

جواب

استخارہ کرنے کا طریقہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں شادی کے سلسلہ میں استخارہ کرنا چاہتا ہوں ۔مجھے مکمل طریقہ بتا دیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! استخارہ کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ آپ دو رکعت نماز نفل ادا کر کے نبی کریم کی بتلائی ہوئی درج ذیل یہ دعا پڑھیں اور جہاں هذاالا مر کے الفاظ ہیں وہاں اپنی شادی یا جس سے شادی کرنے لگے ہیں اس کا نام لیں ۔ " اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ اللَّهُمَّ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ هَذَا الْأَمْرَ خَيْرًا لِي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي فَاقْدُرْهُ لِي وَيَسِّرْهُ لِي ثُمَّ بَارِكْ لِي فِيهِ اللَّهُمَّ وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هَذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي فَاصْرِفْنِي عَنْهُ [واصرفه عنی] وَاقْدُرْ لِي الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ رَضِّنِي بِهِ " اے اللہ میں میں تیرے علم کی مدد سے خیر مانگتا ہوں اور تجھ سے ہی تیری قدرت کے ذریعہ قدرت طلب کرتا ہوں ، اور میں تجھ سے تیرا افضل عظیم مانگتا ہوں ، یقینا تو ہر چیز پر قادر ہے ، اور میں (کسی چیز پر) قادر نہیں ، تو جانتا ہے ، اور میں نہیں جانتا ، اور تو تمام غیبوں کا علم رکھنے والا ہے ، الہی اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام (جس کا میں ارادہ رکھتا ہوں) میرے لیے میرے دین اور میری زندگی اور میرے انجام کار کے لحاظ سے بہتر ہے تو اسے میرے مقدر میں کر اور آسان کر دے ، پھر اس میں میرے لیے برکت عطا فرما ، اور اگر تیرے علم میں یہ کام میرے لیے اور میرے دین اور میری زندگی اور میرے انجام کار کے لحاظ سے برا ہے تو اس کام کو مجھ سے اور مجھے اس سے پھیر دے اور میرے لیے بھلائی مہیا کر جہاں بھی ہو ، پھر مجھے اس کے ساتھ راضی کر دے صحیح بخاری حدیث نمبر (6841) ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث